دارالافتاء اہلسنّت (دعوتِ اسلامی)
Darul Ifta AhleSunnat

ریفرینس نمبر: **Nor-9459**

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

تاریخ: **06-10-2018**

W.C یا کموڈ کا رخ قبلے کی جانب ہو، تو ان پہ بیٹھ کر پیشاب کرنا گناہ ہے یا صرف بے ادبی ہے؟

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ بعض W.C یا کموڈ کا رخ قبلے کی جانب ہوتا ہے ان میں بیٹھ کر پاخانہ یا پیشاب کرنا گناہ ہے یا صرف ادب کے خلاف ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

پاخانہ یا پیشاب کے وقت قبلے کی جانب منہ کرنا یا پیٹھ کرنا ناجائز و گناہ ہے۔

چنانچہ صحیح بخاری شریف میں حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا: "اذا اتی احدکم الغائط فلا یستقبل القبلۃ ولا یولھا ظھرہ" یعنی: جب تم میں سے کوئی بیت الخلاء میں آئے تو قبلہ کو نہ منہ کرے اور نہ پیٹھ کرے۔"

(صحیح البخاری، ص26، ج01، مطبوعہ کراچی)

شارح بخاری حضرت علامہ مولانا مفتی شریف الحق امجدی رحمۃ اللہ علیہ مذکورہ حدیث کی شرح بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "احناف کا مسلک یہ ہے کہ قضاء حاجت کے وقت قبلہ کی جانب منھ یا پیٹھ کرنا جائز نہیں خواہ گھر کے اندر ہو یا میدان میں۔" (نزھۃ القاری، ص519، ج01، فرید بک سٹال لاہور)

در مختار میں ہے: کرہ تحریما استقبال قبلۃ واستدبارھا لاجل بول او غائط" یعنی: پیشاب

اور پاخانہ کے لئے قبلے کی طرف رخ کرنا یا اس کی طرف پیٹھ کرنا مکروہ تحریمی ہے۔

(درمختار مع ردالمحتار، ص608، ج01، مطبوعہ کوئٹہ)

امام اہلسنت مجدد دین وملت الشاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن سے سوال ہوا کہ "کیا استقبال و استدبار قبلہ بوقت پیشاب پائخانہ جائز ہے؟" آپ علیہ الرحمۃ نے جواب ارشاد فرمایا: "پاخانہ پیشاب کے وقت قبلہ معظمہ کا استقبال واستدبار دونوں ناجائز ہیں۔"

(فتاوی رضویہ، ص608، ج04، مطبوعہ رضافاؤنڈیشن لاھور)

صدرالشریعہ بدرالطریقہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ تعالی علیہ "بہار شریعت" میں لکھتے ہیں: "پاخانہ یا پیشاب پھرتے (کرتے) وقت یا طہارت کرنے میں نہ قبلہ کی طرف مونھ ہو نہ پیٹھ اور یہ حکم عام ہے چاہے مکان کے اندر ہو یا میدان میں اور اگر بھول کر قبلہ کی طرف مونھ یا پشت کر کے بیٹھ گیا تو یاد آتے ہی فوراً رخ بدل دے اس میں امید ہے کہ فوراً اس کے لیے مغفرت فرمادی جائے۔"

(بہارشریعت، ص408، ج01، مطبوعہ مکتبۃ المدینۃ)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــہ

ابو محمد مفتی علی اصغر عطاری مدنی

26محرم الحرام1440ھ/06اکتوبر 2018ء